جناب شاہد احمد خان ا

ڈائریکٹر

جناب شاہد احمد خان انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان کے فیلو رکن ہیں۔ وہ 3 لیکسن گروپ کمپنیوں کے کارپوریٹ بورڈز کے ڈائریکٹر ہیں جو اسٹاک ایکسچینج میں لسٹڈ ہیں اور سائبر انٹرنیٹ سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ وہ انڈسٹری کا 31 سال سے زائد تجربہ رکھتے ہیں اور گروپ کی ملٹی نیشنل کمپنی میں بطور ڈائریکٹر مارکیٹنگ اینڈ سیلز اور بطور ایگزیکٹو ڈائریکٹر 15 سال سے زائد کام کر چکے ہیں۔

وہ ماضی میں FPCCI کی مینیجنگ کمیٹی میں بطور ممبر، امریکن بزنس کونسل کی اعلیٰ انتظامیہ، ملک کے ٹیکس محتسب (Ombudsman)، نیز مختلف تجارتی تنظیموں کی ٹیکسیشن، درآمدات اور IT کمیٹیز کے چیئرمین رہ چکے ہیں، علاوہ ازیں کئی میعادوں تک سگریٹ مینوفیکچرنگ ایسوسی ایشن کے چیئرمین کی حیثیت سے خدمات انجام دے چکے ہیں۔ وہ دو میعادوں تک چیس فیڈریشن آف پاکستان کے صدر کی حیثیت سے خدمات سے عہدہ برآ ہو چکے ہیں اور پاکستان بلیئرڈ اینڈ اسنوکر ایسوسی ایشن کے سرپرست ہیں۔

وہ فی الوقت فولڈنگ بکس بورڈز اینڈ فلیکسیبل کی پرنٹنگ اینڈ پیکیجنگ سے وابستہ گروپ کی ایک کمپنی، میرٹ پیکیجنگ لمیٹڈ، کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی حیثیت سے کام کر رہے ہیں۔